# ٹیکس دہندہ کے وکیل

## کا دفتر




کاروباری ٹیکسز

پراپرٹی ٹیکسز

آڈٹس

کلیکشن میں ہونے والے اکاؤنٹس

استثنات

کرائے کے انجماد کے پروگرامز

NYC Department of Finance

## پراپرٹی ٹیکس کی اہم تواریخ

| | |
|---|---|
| **جنوری** | پراپرٹی کی قیمت کا نوٹس محکمہ مالیات بذریعہ ڈاک بھجواتا ہے |
| **فروری** | ادائیگی میں حصّے/مشترکہ کٹوتی کے لیے درخواست دینے کی حتمی تاریخ |
| **1 مارچ** | NYC ٹیکس کمیشن کی جانب سے ٹیکس کلاس 2 اور ٹیکس کلاس 4 کی پراپرٹی کی تخمینہ شدہ مالیت کے خلاف تنازعہ کرنے کی حتمیٰ تاریخ |
| **15 مارچ** | نجی استثنات کے لیے درخواست دینے کی حتمی تاریخ NYC ٹیکس کمیشن کی جانب سے ٹیکس کلاس 1 کی پراپرٹی کی تخمینہ شدہ مالیت اور مالیات کی جانب سے مارکیٹ کی مالیت کے خلاف تنازعہ کرنے کی حتمیٰ تاریخ |
| **1 اپریل** | مالیات کی جانب سے ٹیکس کلاس 2 اور ٹیکس کلاس 4 کی پراپرٹی کی مارکیٹ کی قدر کے خلاف تنازعہ کی حتمیٰ تاریخ |
| **مئی** | محکمہ مالیات حتمی تخمینے کا رول جاری کرتا ہے اور 1 جولائی سے شروع ہونے والے اگلے سال کے لیے ملکیت کے ٹیکس بلز تیار کرتا ہے۔ |
| **جون** | ٹیکس دہندگان جولائی میں شروع ہونے والے سال کے لیے اپنی ملکیت کا پہلا ٹیکس بل وصول کرتے ہیں۔ |
| **1 جولائی** | ٹیکس کا نیا سال شروع ہوتا ہے: ٹیکس دہندگان سے پچھلے سال کے ٹیکس کے نرخ پر ہی ٹیکس لیا جاتا ہے۔ سال کے پہلے حصے کے لیے ہونے والے ٹیکسز کا اس وقت دوبارہ سے حساب لگایا جائے گا جب شہری کاؤنسل کی جانب سے کوئی نیا ریٹ ترتیب دیا جائے گا۔ |

ٹیکس دہندہ کے وکیل کا دفتر محکمہ مالیات کے اندر موجود ایک خودمختار تنظیم ہے۔ ہم محکمہ مالیات میں ہونے والے مسائل کو حل کرنے میں اور مستقبل میں مسائل سے بچنے کے لیے تبدیلیوں کی تجویز دے کر ٹیکس دہندگان کی مدد کرتے ہیں۔ ہمارا دفتر اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ نیویارک شہر کے ٹیکس دہندہ کے حقوق کے بل کے تحت ٹیکس دہندگان کے ساتھ منصفانہ رویہ رکھا جائے۔

## آپ کی پراپرٹی کے بارے میں اہم معلومات

نقائص کو درست کرنا یا محکمہ مالیات کے تعین کی مخالفت کرنا:

nyc.gov/updatepropertydata سے، آپ ذیل انجام دینے کے لیے فارمز ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں:

- اپنی پراپرٹی کے بارے میں ان غلط معلومات کو درست کریں جو محکمہ مالیات کے دستاویز یا ویب سائٹ پر ظاہر ہوتی ہیں۔
- اپنی پراپرٹی کی مالیت کے حوالے سے محکمہ مالیات کے تعین کو چیلنج کریں۔
- محکمے کی مستردگی یا اپنی پراپرٹی کے ٹیکس پر استثنیٰ یا کٹوتی کو ہٹانے کی اپیل کریں۔ (اگر آپ کی استثنیٰ کی درخواست رد کر دی گئی ہے، تو آپ نیویارک شہر کے ٹیکس کی کمیشن(New York City Tax Commission) پر بھی اپیل دائر کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے nyc.gov/html/taxcomm ملاحظہ کریں۔)

آپ 311 پر کال کر کے بھی معاونت کی درخواست کر سکتے ہیں۔



NYC DOF The Office of the Taxpayer Advocate [Urdu] – 10/22/2019

# ٹیکس دہندہ کے وکیل کے دفتر سے رابطہ کریں

اگر آپ نے محکمہ مالیات کے ساتھ ٹیکس کے مسئلے کو حل کرنے کی مناسب کوشش کی ہو* لیکن آپ کو اطمینان بخش جواب موصول نہ ہوا ہو، تو ٹیکس دہندہ کے وکیل کا دفتر مدد کر سکتا ہے۔

مندرجہ ذیل میں سے کم از کم کسی ایک بیان کے درست ہونے پر ہم سے رابطہ کریں:

1. آپ یہ ظاہر کر سکتے ہیں کہ محکمہ مالیات نے غیر منصفانہ یا غیردرست انداز میں ٹیکس کے قوانین، ضوابط، یا پالیسیز نافذ کی ہیں، اور بطور ٹیکس دہندہ آپ کے حقوق کی خلاف ورزی کی ہے۔
2. آپ کو محکمہ مالیات کی جانب سے اس قرض کے لیے فوری عمل درآمد (مثلاً آپ کے فنڈز یا پراپرٹی پر قبضہ) کا خدشہ ہے جسے آپ غیر منصفانہ، غیر قانونی، یا غلطی سے اپنے اکاؤنٹ میں لاگو کردہ ظاہر کر سکتے ہیں۔
3. آپ یہ وضاحت دے سکتے ہیں کہ اگر چھوٹ نہ ملی تو آپ کو طویل مدتی یا مستقل نقصان کا سامنا کرنا پڑے گا۔
4. آپ نے محکمہ مالیات کے ایک ایسے نظامی مسئلے کی نشاندہی کی ہے جو دیگر ٹیکس دہندگان پر اثر انداز ہو سکتا ہے۔
5. آپ کا یہ ماننا ہے کہ آپ کے مقدمے کے منفرد حقائق آپ کی معاونت کے لیے ٹیکس دہندہ کے وکیل کے دفتر کے لیے عوامی پالیسی کی ایک مضبوط دلیل پیش کرتے ہیں۔

*محکمہ مالیات سے رابطہ کرنے کے لیے، nyc.gov/contactdof ملاحظہ کریں

# ٹیکس دہندہ کے وکیل کا دفتر اس صورت میں آپ کی مدد نہیں کر سکتا اگر

- 311 سے رابطے سمیت، آپ نے محکمہ مالیات کے عام ذرائع سے چھوٹ حاصل کرنے کی مناسب کوشش نہیں کی۔
- آپ کو قانونی مشورے یا ٹیکس کی تیاری میں معاونت درکار ہے۔
- آپ نے ٹیکس کمیشن، ٹیکس اپیلز ٹرائیبیونل، یا کسی ریاستی عدالت کے ذریعے مقدمہ دائر کیا ہے یا دائر کرنے کا منصوبہ بنایا ہے، یا ان میں سے کسی بھی محکمے کے ذریعے فیصلے کی اپیل کرنے والے ہیں۔
- آپ اس بات کا دعویٰ کر رہے ہیں کہ نیویارک شہر کا ٹیکس کا قانون یا ٹیکس کا نظام دستوری قانون کی خلاف ورزی کرتا ہے۔
- ٹیکس دہندہ کے وکیل کا دفتر اس بات کا تعین کرتا ہے کہ آپ کی تفتیش کا مقصد نیویارک شہر کے ٹیکسز کے اندراج یا ادائیگی میں تاخیر یا ان سے اجتناب ہے۔
- آپ پارکنگ کے ٹکٹس، سیلز یا ذاتی انکم ٹیکسز، یا وفاقی انکم ٹیکسز کے حوالے سے معاونت کے خواہاں ہیں

اگر آپ کو کسی معذوری کی بناء پر محکمہِ مالیات کی پیش کردہ کسی خدمت کے لیے درخواست دینے یا اس کی وصولی کے لیے، یا اس کے پیش کردہ کسی پروگرام میں شرکت کے لیے رہائش کی ضرورت ہے تو براہ کرم معذوری کی خدمت کے سہولت کار (Disability Service Facilitator) سے nyc.gov/contactdofeeo پر رابطہ کریں یا 311 پر کال کریں۔

# ٹیکس دہندہ کے وکیل کے دفتر سے رابطہ کریں

ٹیکس دہندہ کے وکیل کے دفتر سے مدد حاصل کرنے کے لیے پہلا مرحلہ ہے ہماری ویب سائٹ nyc.gov/taxpayeradvocate پر جانا، اور فارم DOF 911، "ٹیکس دہندہ کے وکیل کے دفتر سے معاونت کی درخواست" کو پر کرنا۔ اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو آپ براہ راست ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں:

- ای میل:
  nyc.gov/taxpayeradvocate
- کال:
  311 یا (212) 748-4785
- فیکس:
  (646) 500-6907
- ڈاک:
  NYC Office of the Taxpayer Advocate
  375 Pearl Street, 26th Floor
  New York, NY 10038

ٹیکس دہندہ کے وکیل کا دفتر مندرجہ ذیل کے حوالے سے ہونے والے مسائل میں آپ کی مدد کر سکتا ہے:

- پراپرٹی ٹیکسز اور استثنات
- کاروباری ٹیکسز
- آڈٹس
- کلیکشن میں ہونے والے اکاؤنٹس
- کرائے کے انجماد کا پروگرام اور دیگر فوائد